ترتیب

صوفی تاج دین پاک رحمانی نوشاہی قادری

علی ہجویری پبلشرز

اندرون اکبری گیٹ H/811 اے لاہور

جملہ حقوق محفوظ ہیں

ناشر ———— علی عمران چودھری

پرنٹر ———— گنج شکر

کتابت ———— محمد اکرم کیلانی

طباعت ———— ۱۹۹۳ء

قیمت ———— ۲۰/ روپے

حضرت سلطان باہوؒ متوفی ۱۶۹۱ء

سلطان العارفین حضرت سلطان باہوؒ قدس سرہٗ برصغیر کے قابلِ ذکر اور ممتاز صوفیاء میں سے ایک ہیں۔ آپ کی شخصیت کسی تعارف کی محتاجی سے آزاد ہے۔ آپ کا کلام لافانی مضامین میں شامل ہوتا ہے۔ آج بھی آپ کے کلام کو اسی ذوق شوق سے پڑھا جاتا ہے جیسے ماضی میں ہمارے بزرگ، اور قصبوں میں اکٹھے ہو کر پڑھا کرتے تھے آپ کے کلام میں رہنمائی بھی موجود ہے اور زمانہ شناسی کے راز میں مخفی ہیں۔ آج کی نئی نسل جب آپ کے کلام کو سنتی ہے تو آسان پنجابی میں انہیں لازوال کائناتی اسراروں کی تحقیقیں ان پر منکشف ہوتی ہیں۔ پنجابی زبان ہماری ثقافت کا وہ حصہ ہے جسے ہم شاید کبھی بھی فراموش نہ کر پائیں گے۔ ہمارے یہی بزرگانِ دین اس زبان کے ستون ہیں۔ جب ستون اس قدر قومی اور مضبوط ہوں تو وہ ان کی بنیادیں کس قدر زمین ذہنی ہوئی ہوں گی۔ معاشرہ ان ستونوں کو مسمار کرنا چاہے تو بھی نہیں کر سکتا۔ کیونکہ ہماری عقیدت اور اپنے بزرگانِ دین سے گراں قدر محبت ہماری سوچوں کے دھارے بدل دیتی ہے آج بھی اکثر مقامات پر محفلیں سجتی ہیں۔ مجالس کا اہتمام ہوتا ہے۔ یہاں پر صوفیانہ شاعری اپنے سامعین کو مسحور کر دیتی ہے۔

حضرت سلطان باہوؒ اعوان قوم سے تعلق رکھتے تھے۔ آپ کے آباؤاجداد کا تعلق علاقہ سون سیکسر ضلع سرگودھا سے تھا۔ آپ کی ولادت باسعادت شور کوٹ ضلع جھنگ کے قریب قلعہ قہرگان کے گاؤں میں ہوئی۔ "مناقبِ سلطانی" سے ہمیں معلوم ہوتا ہے آپ نے مغلیہ خاندان کے بادشاہ شاہجہان کے عہد میں ۱۰۳۹ھ بمطابق ۱۶۳۱ء میں اس دنیا میں آنکھ کھولی۔ آپ کے والد ماجد حضرت سلطان بایزیدؒ محمد حافظ قرآن، متشرع، فقیہہ اور کامل بزرگ تھے۔ مسائل فقہ پر انہیں کامل دسترس حاصل تھی۔ غالباً اسی بنا پر آپ مغلوں کے منصب دار تھے۔ آپ کا قبیلہ اعوان ہرات کے راستے حجاز مقدس سے کالا باغ اور سون سیکسر میں آکر آباد ہوا

ہوا تھا۔ مغلیہ بادشاہت کی جانب سے آپ کو شور کوٹ ضلع جھنگ کا پرگنہ جو نہ صوبہ ملتان میں واقع تھا۔ انہیں بطور جاگیر ملا تھا۔ حضرت سلطان باہو کی والدہ ماجدہ کا نام بی بی راستی تھا۔ آپ کے ایک شعر سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی والدہ ماجدہ بڑی نیک فطرت اور صالح خاتون تھیں۔

رحمتِ حق بر روان راستی
راستی باد راستی آراستی

آپ نسب کے لحاظ سے ہاشمی علوی تھے۔ اور آپ کا شجرہ نسب حضرت علی کرم اللہ وجہہ پر منتہی ہوتا ہے۔ آپ کے والد حضرت سلطان بایزید محمدؒ تو آپ کے بچپن میں ہی وصال فرما گئے تھے۔ لہٰذا آپ کی تربیت آپ کی والدہ ماجدہ نے کی۔ والدہ نے ہی انہیں راست روی سکھائی۔ اور انہی کے فرمان کی تعمیل کرتے ہوئے شور کوٹ کے جنوب میں گڑھ بغداد میں ایک بزرگ حبیب اللہ قادری کے پاس روحانی تربیت کے لیے تشریف لے گئے۔ اس کے بعد آپ نے حجرہ شاہ مقیم کے حضرت عبدالقادر اور صوفی عبدالرحمٰن دہلوی سے روحانی فیض حاصل کیا۔ حضرت حبیب اللہ قادری نے آپ کو تارک الدنیا ہونے کی تلقین بھی کی۔ اور ان کی رہنمائی کے باعث آپ صوفی عبدالرحمٰن دہلوی کے پاس پہنچے۔ جو کہ دہلی میں اورنگزیب عالمگیر کے منصب دار تھے۔

آپ بہت سے اور بزرگوں کے پاس بھی اسی غرض کے لیے آتے جاتے رہے۔ ملتان میں حضرت بہاء الحق کے مزار پر چلہ کشی بھی کی۔ یوں تو آپ کی ظاہری تعلیم بہت کم دکھائی دیتی ہے۔ مگر آپ کی تصنیفات سے اس امر کی وضاحت ہوتی ہے کہ عربی اور فارسی میں آپ قابل قدر استعداد رکھتے تھے۔ علم باطنی نے البتہ علوم کے دروازے آپ پر کھول دیئے تھے۔ خود فرماتے ہیں کہ :-

"این فقیر را علم ظاہری چنداں نبود اما از واردات و فتوحات علم باطنی چنداں علام کشادہ کہ برائے اظہار آں دفترہا باید۔ امابزرگان مائل ودل فرمودہ اندر گرچہ نیست مارا علم ظاہر زعلم باطنی جان گشتہ ظاہر"۔

آپ کی چار بیویاں تھیں۔ جن میں سے ایک ہندو عورت تھی۔ جس نے اسلام قبول کر لیا تھا آپ کے آٹھ بیٹے تھے۔ آپ اکثر و بیشتر اپنا حال چھپانے کے لیے سیر و سیاحت پر نکل جاتے شکل و صورت اور لباس بالکل درویشانہ ہوتا۔ خود شکنی کے لیے گداگری بھی کرتے فرماتے ہیں۔

ے نفس را رسوا من از گدا   ہر درے قدمے زنم بہر خدا

کبھی کبھی آپ کھیتی باڑی بھی کیا کرتے تھے۔ بیل خرید کر کاشت کرتے اور فصل ابھی کچی ہوتی کہ بیلوں کو کھلا دیتے۔ اور خود تنہا یا کسی اور درویش کے ہمراہ کسی سفر پہ نکل جاتے اور نا معلوم مقامات پر استغراق کے عالم میں بیٹھے رہتے۔ بتیس سال آپ اپنے مطلوب کو ڈھونڈتے رہے اور جب مل گیا آپ طالب بنا۔ طالب بیا پکارتے رہے لیکن کوئی اولعزم طالب آپ کو نہ ملا۔ ترک بدرجۂ کمال تھا۔ آپ فرماتے تھے" دین اور دنیا کا یکجا رہنا ناممکن ہے۔ آپ شرع کی پابندی کا بڑا اہتمام کرتے تھے۔ آپ کا طریقہ محو اور شریعت کا تھا۔

ے ہر مراتب از شریعت یافتم   پیشوائے خود شریعت ساختم

ایک مرتبہ ماہ رمضان تھا اور آپ کلر کہار ضلع جہلم کی ایک غار میں استغراق کی حالت میں رہے روزے قضا ہو گئے۔ مگر بعد میں حتیٰ کہ نماز تراویح بھی کی قضا ادا کی۔ آپ سلسلہ عالیہ قادریہ کے چشم و چراغ تھے۔ آپ کا نام باہُو نبی اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے حسب ارشاد آپ کی ولادت باسعادت پہ رکھا گیا تھا۔ آپ اس نام پہ بہت خوش ہوا کرتے تھے۔ کہ آپ کا نام میں "ہُو،، آتا ہے اور فرمایا کرتے تھے کہ میری والدہ پہ خدا کی رحمت ہو کہ انہوں نے میرا نام "باہو،، رکھا جو ایک نقطے سے "یاہُو،، ہو جاتا ہے۔ شیر خوراگی کے زمانے میں آپ نے رمضان المبارک میں روزے کی ساعتوں میں بھی دودھ نہیں پیا۔ گویا آپ نے شیر خوارگی میں بھی روزے کی ادائیگی شروع کی۔ آپ نے لاہور کے قیام کے دوران کئی اولیائے اللہ سے ملاقات کا شرف حاصل کیا اور کئی مزارات پہ حاضری دی۔ اور ان سے فیوض و برکات حاصل فرمائی۔ آپ نے لاہور میں شاہ شاہ جمال متوفی رح ۱۶۵۰ء حضرت سید جان محمد رح حضوری قادری متوفی ۱۶۵۴ء حضرت شاہ چراغ قادری ۱۶۵۷ء حضرت شاہ گدا قادری رح شطاری متوفی ۱۶۶۰ء حضرت شیخ عارف چشتی رح متوفی ۱۶۵۴ء حضرت شاہ برہان بخاری سہروردی رح متوفی ۱۶۵۰ء حضرت شاہ کمال سہروردی رح متوفی ۱۶۹۴ء حضرت شیخ حاجی متوفی ۱۶۴۱ء حضرت شاہ ابوالخیر بغدادی رح متوفی ۱۷۱۹ء سے ملاقات کی۔ آپ نے رسول اکرم صلعم سے بھی روحانی فیض حاصل فرمایا۔ آپ فرماتے ہیں۔

دست بیعت کرد ما را مصطفےٰ[۱۴]   دید خود خوانداست ما را مجتبےٰ[۱۴]

سند اجازت باہو را راز مصطفیٰؐ — خلق را تلقین کن بہر از خدا
نفس را تحقیق کردم از خدا — بر حقیقت یافتم از مصطفیٰؐ

قیام دہلی کے دوران آپ شہر کی گلیوں اور بازاروں میں سیر کرتے تھے۔ اور جس پر اپنی نگاہ کرم ڈالتے اس کو تھوڑی ہی دیر بھی خدا رسیدہ بنا دیتے۔ جب آپ کا لوگوں نے یہ فیض عام دیکھا۔ تو دہلی میں آپ کا چرچا ہونے لگا۔ کسی نے آپ کے پیر و مرشد سے بھی اس کا ذکر کر دیا۔ انہوں نے آپ کو طلب کیا اور فرمایا "ہم نے تمہیں نعمت خاص سے نوازا اور تم نے اس خاص نعمت کو عام کر دیا"۔ جواب میں آپ نے عرض کیا "حضرت نے جس نعمت خاص سے مجھے شرف فرمایا۔ اس کی آزمائش تھی کہ اس فقیر کو کس قدر نعمت گراں مایہ حاصل ہوتی ہے اور اس کی ماہیت کیا ہے"۔ چنانچہ آپ دہلی سے شور کوٹ تشریف لے آئے۔

آپ کی تصنیفات

ان کی تعداد ایک سو چالیس بیان کی جاتی ہے۔ فقیر نور محمد کلاچوی (م - ۱۹۶۰ء) لکھتے ہیں۔ کہ انہوں نے ان میں سے چھوٹی بڑی چالیس قلمی کتابیں اکٹھی کی تھیں۔ یہ تمام عربی فارسی میں ہیں۔ اور فقر و تصوف سے تعلق رکھتی ہیں۔ ان کی زبان سلیس اور سادہ ہے ایک ایک نقطہ میں مصنف کی روح کا جوش تیقّن موجود ہے۔ آپ کے ایک دیوان کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔

پنجابی ابیات

عربی فارسی کی محولہ بالا تصنیفات کے علاوہ آپ کے پنجابی زبان میں ابیات بھی ملتے ہیں جو سی حرفی کی صورت میں ہیں۔ ہر حرف کے تحت بندوں کی تعداد برابر نہیں۔ بعض حروف ایک بند پر ختم ہو جاتے ہیں۔ بعض کے متعدد بند ہیں اور بعض بالکل ترک کر دیئے گئے ہیں ہر بند کے چار مصرعے ہیں مگر حرف "ج" کا ایک بند پانچ مصرعے رکھتا ہے۔ اس بات سے ظاہر ہوتا ہے کہ کسی طے شدہ اسکیم کے مطابق شاعری کی غرض سے یہ ابیات نہیں لکھے گئے بلکہ وقتاً فوقتاً اپنے تاثرات اور کیفیات بیان کرنے کے لیے کہے گئے تھے۔ ان میں ابتدائی زمانہ کے ابیات

بھی ہیں ۔ جب آپ تلاشِ حق میں سرگرداں تھے ۔ اور زمانۂ وصول کے بھی ۔ بعض بند الحاقی بھی ہیں ۔ انوار سلطانی میں فقیر نور محمد کلاچوی نے ہر قسم کے کل ۱۴ بند دیئے ہیں ۔ مگر مقبول الٰہی نے ۱۸۶ بند درج کئے ہیں اور دوسری طرف ان کا انگریزی نظم میں عمدہ ترجمہ بھی دیا ہے ۔

ابیات بلحاظِ زبان و اسلوب

ابیات میں ضلع جھنگ کی پنجابی زبان استعمال ہوئی ہے ۔ عربی فارسی کے الفاظ بعض بندوں میں پچاس فیصد تک پہنچ جاتے ہیں ۔ بعض مقامات پر سلطان صاحب نے علمی اصلاحات بھی مشکل ہو جاتے ہیں ۔ مگر بہت سے بند ایسی سادہ اور ٹھیٹھ پنجابی زبان میں لکھے گئے ہیں کہ ان پڑھ پنجابی عوام بھی بآسانی سمجھ سکتے ہیں ۔ مثلاً :-

دودھ تے دہی ہر کوئی رڑکے عاشق بھا رڑکیندے
تن چٹورا من مندھانی آہیں نال ہلیندے
دکھاں دا نیترا کڈھے لسکارے غماں دا پانی پیندے
نام فقیر تنہاں دا باہوؒ جہڑے ہڈاں توں مکھن کڈھیندے

اس بند میں جو تصویر کاری کی گئی ہے وہ بالکل دیہاتی زندگی سے تعلق رکھتی ہے ۔ الفاظ بھی دیہاتیوں کے اپنے ہیں ۔ اس طرح کے بند کافی تعداد میں ہیں ۔ اور جلد از بر ہو جاتے ہیں ان میں تشبیہات اور استعارات بھی دیہات سے متعلق ہیں لیکن بعض اوقات ان خصوصیات کے ساتھ جب جذبے کی گرمی اور فکر کی گہرائی شامل ہو جاتی ہے تو بند بڑا بلند ہو جاتا ہے اور اسے بلاشبہ عالمی ادب کے مقابلے میں رکھا جا سکتا ہے ۔ مثلاً :-

دل دریا سمندروں ڈونگھے کون دلاں دیاں جانڑے
وچے بیڑے وچے جھیڑے وچے ملاں مہانڑے
چوداں طبق دلے دے اندر جتھے عشق تنبو وچ تانڑے
فاضل سٹ فضیلت بیٹھے جداں دل لگا ٹھکانڑے

لیکن سلطان صاحب ذاتِ مطلق کے پرستار ہیں جہاں اضافات ختم ہو جاتے ہیں ۔ زمان و مکان ، موت و حیات اور کفر و اسلام کا قصہ باقی نہیں رہتا ۔ عبد بھی معبود کے ساتھ

مطلقیت میں شامل ہو جاتا ہے۔ سلطان صاحب کے فکر و فقر کی اس حیثیت کا اثر ان کے اسلوب پر بھی پڑا ہے۔ وہ سب اس کا ذکر کرتے ہیں۔ اور علمی رنگ غالب رہتا ہے۔ تو ان کے اسلوب میں اشکال پیدا ہو جاتا ہے۔ مثال کے طور پر یہ بند پڑھیے!

موتوا، والی موت نہ ملسی جیں وچ عشق حیاتی
موت وصال تھیوسی حکو جدا اسم پڑھیوسی ذاتی
عین دے وچوں عین تھیوسی دور ہوئے قربانی
ہُو ذکر ہمیش سڑیندڑا باہُو دیہاں سکھ نہ راتی

اس کے باوجود اپنی فکر کو اس سطح پر رکھ کر جب سلطان صاحب معنوی باتیں استعارے کے ذریعے بیان کرتے ہیں، تجسیم سے کام لے کر فکر کو مرئی رنگ دے دیتے ہیں اور عوامی شعور کو بھی ملحوظ رکھتے ہیں۔ اس وقت ان کی شاعری فنی لحاظ سے اعلیٰ درجہ کی ہوتی ہے۔ اس کے لیے ان کے ابیات کا پہلا بند۔

(الف اللہ چنبے دی بوٹی میرے من وچ مرشد لائی ملاحظہ ہو۔

اس کا ایک ایک لفظ سارے بند کی تشکیل میں مصروف نظر آتا ہے۔

اسی طرح لا مکاں، اپنی ذات اور دنیا کے تعلق کا ڈرامائی تاثر کے ساتھ بیان ذیل کے بند میں قابل دید ہے۔

عشق چلایا طرف آسماناں عرش فرش ٹکایا
روی دنیا ٹھگ نہیں سانوں ساڈا اگے جی گھبرایا
اسیں پردیسی ساڈا وطن دوراڈا ایویں کوڑا لالچ لایا
مرگئے جو مرنے تھیں پہلے تناں ہی رب نوں پایا

اسلوب کے اعتبار سے آپ کے ابیات میں ایک اور بات بھی قابل ذکر ہے آج آپ کے ہر مصرعے کے اختتام پر لوگوں نے لفظ ہو بڑھا دیا ہے، حالانکہ آپ نے اس ردیف کے بغیر شعر کہے تھے۔ اس کی وجہ سے ترنم بے شک مسحور کن ہو جاتا ہے۔ اور جذبہ اور وارفتگی پیدا ہوتی ہے۔ لیکن جس صورت میں سلطان صاحب نے یہ بند کہے تھے۔ وہ زیادہ بلیغ ہے توجہ معانی کی طرف زیادہ رہتی ہے اور ہم مخرج حروف کا صوتی تاثر بھی زیادہ نمایاں ہو جاتا ہے

آپ کے فقر کی خصوصیات

آپ علم کے بغیر فقیری کو ضرر رساں سمجھتے تھے۔ ان کے خیال میں اس طرح سینکڑوں سال بھی عبادت کی جائے۔ غفلت دور نہیں ہوتی۔ اور انسان اللہ سے بیگانہ رہتا ہے۔ الٹا کفر میں مبتلا رہنے کا احتمال ہوتا ہے۔ اس علم کو بھی آپ بے کار قرار دیتے ہیں جس کا نتیجہ محبت الٰہی نہ ہو۔ عشق کے بغیر نہ علم کا فائدہ ہوتا ہے اور نہ عبادت کا نفع۔ آپ کے فقر کو قوت اور حرکتِ عشق سے حاصل ہوتی ہے۔ اسی لیے آپ کے فقر میں جوش اور حرکت ہے۔ عشق کے ساتھ آپ ذکر اور فکر کو ضروری تصور فرماتے ہیں۔ ذکر جذبے میں پختگی پیدا کرتا ہے۔ اور ایسی بصیرت عطا کرتا ہے جو ہر ذہنی الجھن کو دور کرتی ہوئی آگے نکل جاتی ہے۔

ذکر کنوں کر فکر ہمیشہ اے نفظ لکھا تواہ کنوں
کڈھن آہیں تے جان جلاون فکر کرن اسرار کنوں
فکر دا پھٹیا کوئی نہ جیوے جاں پٹے تڈھ پار کنوں
حق دا کلمہ آکھیا باھو جند رکھے نہ فکر دی مار کنوں

فکری طور پر جو دشمن شکست کھاتا ہے کبھی جانبر نہیں ہوسکتا۔ اس لیے سوز عشق کے ساتھ فکر ضروری ہے۔ اس طرح جان بآسانی فدا کرکے انسان اپنا مقصد حاصل کرلیتا ہے۔ غور فرمائیے سلطان صاحب کا یہ انداز کتنا فلسفیانہ ہے اسی لیے آپ کا فقر ابن العربی کے فقر سے مشابہت رکھتا ہے۔ ابن العربی (م ۱۲۴۰ء) اور عبدالکریم الجیلی (م ۱۴۲۸ء) کے مردِ کامل کی طرح کمال فقر حاصل کرنے کے بعد آپ فلسفۂ اطلاق کا مظہر بن جاتے ہیں۔ آپ کی زبان سے سنیئے۔

ھو دا جامہ پہن کریندے اسم کماون ذاتی
نہ اُتھ کفر اسلام دی منزل نہ اوتھ موت حیاتی

شاہ رگ تھیں نزدیک لدھو سے پاول اندر جھاتی
اساں اونہاں وچ اوہ اساں وچ دور رہے قربانی

آپ ذاتِ مطلق میں اس طرح شامل ہو جاتے ہیں کہ مقرب فرشتے بھی پیچھے رہ جاتے ہیں۔ آپ اس فقر کو حاصل کرنے کے لئے مرشدِ کامل سے توسل اور استفادہ ضروری سمجھتے ہیں لیکن ایک بات بڑی تعجب انگیز ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ راہ فقر پر چلانے سے پہلے مرشدِ کامل اپنے روحانی تصوف سے مسترشد کو احتیاج سے ضرور بے نیاز کر دے۔ آپ فرماتے ہیں کہ طالب کے دل میں ہر وقت اللہ کا تصور رہے جو خداوند تعالیٰ کا ذاتی نام ہے۔ کلمہ طیبہ زبان سے نہیں بلکہ دل سے پڑھا جائے اور اپنے باطن کی طرف ہر لحظ نگاہ رہے۔ فقر کی اولین منزل اس وقت شروع ہو گی جب روحانی طور پر بارگاہِ نبوی میں حاضری نصیب ہو گی۔ پھر راہ ہموار ہے۔ باہمت انسان ذات یزنگ تک رسائی حاصل کر لیتا ہے لیکن اس غرض کے لیے لوگوں کی نگاہوں سے اوجھل رہنا پڑے گا اور اپنا حقیقی راز چھپا کر رکھنا ہو گا۔ آپ نے خود ہمیشہ اسی طرح کیا ایک بار جمعہ کے روز آپ جامع مسجد دہلی میں تھے۔ لوگوں کی قلبی کیفیات میں ہیجان سا پیدا ہو گیا۔ اورنگ زیب عالمگیر بھی موجود تھا۔ اس کی اپنی کیفیت یہی تھی۔ تلاش شروع ہوئی۔ آپ کملی پہنے ہوئے تھے۔ لوگ آپ کو لے گئے شہنشاہ نے بیعت کے لئے عرض کی۔ آپ نے علاحدگی میں فرمایا۔ فیض چاہتے ہو تو خاموش رہو۔

اگرچہ آپ نے اپنے متصوفانہ خیالات کا اظہار وضاحت سے اپنی باقی تصنیفات مثلاً "رسالہ روحی"، "نور الہدیٰ"، "اسرار لوحی" وغیرہ میں کیا ہے لیکن جیسا کہ سطورِ بالا سے ظاہر ہے پنجابی زبان پر آپ کا یہ احسان ہے کہ اپنے ابیات میں اعلیٰ درجے کے افکارِ تصوف بڑے حسن کے ساتھ بیان کر کے آپ نے ہر ایک کو بتا دیا کہ یہ زبان بلند و باریک افکار کو بدرجۂ اولیٰ ادا کر سکتی ہے۔

حضرت سلطان باہو اور شاہ حسین

دونوں قادری بزرگ تھے مگر دونوں کے جذبۂ فکر اور اسلوب میں بڑا فرق ہے اور اس فرق میں دونوں کے نسلی تفاوت کا بڑا اثر نظر آتا ہے۔ شاہ حسین بہت منکسر المزاج تھے۔ اسلام قبول کرنے سے پہلے ان کے آباؤ اجداد کو ہندو معاشرے میں جو چھوٹا مقام حاصل تھا اس کی وجہ سے عاجزی اور مسکینی ان کی فطرت کا جزو بن گئی تھی۔ شاہ حسین کو یہ صفات ورثے میں ملیں۔ اپنے اس عجز و نیاز کو جس خلوص اور وارفتگی اور جس اندازِ سپردگی کے ساتھ وہ اپنے سائول یعنی محبوبِ حقیقی کی درگاہ میں پیش کرتے ہیں اس کی مثالیں بہت کم ملیں گی، اور اسی بنا پر ادبی دنیا میں ان کی کافیوں کا مقام بڑا بلند ہے۔ لیکن حضرت سلطان باہو اعوان قوم کے فرزند تھے۔ جو قوم کے اپنے بہادرانہ کارناموں کی وجہ سے شہرت رکھتی ہے حضرت سلطان صاحب اسی جوش و ہمت کا اظہار عشقِ الٰہی میں بھی کرتے ہیں اور بڑے پرجوش جذبات کے ساتھ اپنی کیفیات اور اپنے خیالات کو بیان کرتے ہیں ان کے زیادہ پُر آرزو ہوتے ہیں بھی یہی نسلی فرق کارفرما نظر آتا ہے۔ شاہ حسین اس بات پر خوش ہیں کہ ان کا رابطہ ذاتِ الٰہی سے استوار ہو گیا اس کے سرور سے سرشار ہو کر وہ ہر شے سے بے نیاز ہو جاتے ہیں۔ مزید فکر انہیں غیر ضروری نظر آتا ہے لیکن حضرت سلطان صاحب کا دل پُر آرزو نبی اکرمؐ اہلبیت

کرام اور حضرت پیرانِ پیر شیخ عبدالقادر جیلانی (م۔ ۱۱۶۶ء) سے روحانی طور پر پوری طرح مستفیض ہو کر جب تک ذاتِ حقہ کے ساتھ "من تو شدم تو من شدی" والا غیر معمولی رابطہ قائم نہیں کر لیتا مطمئن نہیں ہوتا اور پھر ان کا غور و فکر برابر جاری رہتا ہے۔ عرفان کامل ان کا منتہائے مقصود ہے۔

طبائع کا یہی فرق شاہ حسین کی کافیوں اور حضرت سلطان صاحب کے ابیات میں ہر جگہ نظر آتا ہے۔ سلطان صاحب کی بلند پروازی اگرچہ عوام کو متاثر اور مسحور کرتی ہے مگر دراصل وہ خواص کو مخاطب کرتے ہیں اور شاہ حسین کی مخاطبت تو کلیتہً عوام سے ہے۔ اس لئے ان کی کافیاں عوامی شاعری کا سرمایہ ہیں اور اگرچہ کافیوں میں علامتی اسلوب اختیار کیا گیا ہے مگر عوام کے لیے ان کا سمجھنا دشوار نہیں۔

کرامات

ایک مرتبہ کا ذکر ہے کہ آپ دہلی کی جامع مسجد میں تشریف لے گئے۔ اور حاضرین کے قلوب کی طرف توجہ فرمائی، تو سب لوگ جو وہاں حاضر تھے۔ اپنے اندر ایک ہیجانی کیفیت محسوس کرنے لگے۔ اس وقت مسجد میں شہنشاہ اورنگ زیب بھی موجود تھا۔ اس نے بھی التماس فیض کیا۔ اور آپ نے اسے توجہ سے نوازا۔ بعد میں جب اس نے تلقین و ارشاد کی درخواست کی۔ تو آپ نے "رسالہ" "اورنگ زیب" اسی کے لیے تصنیف فرمایا۔ بادشاہ آپ سے ہمکلام بھی ہوا۔ ایک جگہ یہ بھی لکھا۔ کہ حضرت سید عبدالرحمن رحؒ دہلوی شہزادہ دارا شکوہ قادری کے سمدھی تھے۔ جو آپ کے پیر و مرشد تھے۔

"مناقب سلطانی" میں لکھا ہے کہ اوائل عمر میں آپ کی نظر جس ہندو پر پڑ جاتی تھی۔ وہ آپ کا نورانی چہرہ دیکھتے ہی مشرف بہ اسلام ہو جاتا تھا۔ ہندوؤں نے اس کا آپ کے والد ماجد سے احتجاج کیا۔ تو آپ نے بچوں کے باہر نکلنے کا وقت مقرر کر دیا۔ تاکہ ہندو اس وقت راہ سے الگ رہ سکیں۔ ایک دوسری جگہ یہ تحریر ہے کہ

جب دایہ آپ کو سیر و تفریح کے لیے گھر سے باہر لے جاتی۔ تو آپ کے نورانی چہرہ پر جس ہندو کی نظر پڑ جاتی۔ وہ مسلمان ہو جاتا۔

ایک بار کا ذکر ہے کہ سنیاسیوں کا ایک گروہ آپ سے ملاقی ہوا۔ اور بحث مباحثہ ہوا۔ بعد وہ سب کے سب ایمان کی دولت سے سرفراز ہوئے اور ان کا شمار بزرگانِ دین میں ہونے لگا۔

ایک دفعہ آپ کھیت میں ہل چلا رہے تھے۔ کہ ایک حاجت مند آپ کی خدمت میں کشائش رزق کے لیے حاضر ہوا۔ اس وقت آپ پر جذب و کیف کی کیفیت طاری تھی۔ اس کی درخواست پر آپ نے کھیت سے ایک ڈھیلا اٹھا کر پھینکا، تو اس کے گرد مٹی کے سارے ڈھیلے سونے کے بن گئے۔ آپ نے اسے ارشاد فرمایا۔ کہ اپنی حاجت کے مطابق یہاں سے سونا اٹھا لو۔

دورانِ سیر و سیاحت آپ نے ایک گاؤں میں قیام فرمایا۔ جہاں ایک بزرگ حضرت شیر شاہ رح رہتے تھے۔ چنانچہ آپ قصبہ سے باہر مراقبہ میں بیٹھ گئے اس وقت حضرت شیر شاہ رح کے درویش وہاں لکڑیاں وغیرہ لینے کے آ گئے۔ ان میں سے ایک آپ کے قریب پہنچا۔ تو اس کا قلب جاری ہو گیا۔ اور اس کے رونگٹے رونگٹے سے اللہ اللہ کی آواز آنے لگی۔ دوسرے کی بھی یہی حالت ہوئی۔ تیسرا بھاگم بھاگ اپنے مرشد کے پاس پہنچا۔ اور تمام واقعہ بیان کیا۔ چنانچہ حضرت شیر شاہ رح اپنے دیگر درویشوں کے ہمراہ آپ کے پاس پہنچے، تو دیکھا کہ آپ ایک ٹیلہ پر بیٹھے ہیں۔ اور ذکر حق میں مشغول ہیں۔ حضرت شیر شاہ رح نے فرمایا کہ میں حضرت رسول مقبول ﷺ کی کچہری میں جاتا ہوں۔ مگر میں نے وہاں آپ کو کبھی نہیں دیکھا۔ آپ نے فرمایا کہ آج رات دربار نبوی ﷺ میں پہنچ کر تمام بات آپ پر آشکارا ہو جائے گی۔ چنانچہ رات کو جب حضرت شیر شاہ رح دربار نبوی ﷺ میں پہنچے، تو حضرت سلطان باہو رح کو تلاش کیا مگر وہ کہیں نظر نہ آئے۔ اتنے میں انہوں نے دیکھا کہ ایک شیر خوار بچہ رسول کریم ﷺ کی آستین مبارک سے نکل کر آپ کی گود میں کھیلنے لگا۔ اور آنحضرت ﷺ نے اسے بچے کی طرح پیار

فرمایا۔ پھر وہ بچہ باری باری خلفائے راشدین، اصحاب کبار، حضرت حسنین کریمین، شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اور دیگر حاضرین انبیاء مرسلین اور اولیائے کاملین رضوان اللہ تعالےٰ علیہم اجمعین کی گود میں کھیلتا رہا۔ اور بعد ازاں وہ نوری حضوری بچہ حضرت بشیر شاہؒ کی داڑھی سے کھیلنے لگا۔ اور کھیلتے ہوئے ان کی داڑھی کے دو بال نکال لیے۔ جس سے حضرت بشیر شاہؒ نے درد محسوس کیا، مگر پاس ادب سے نہ بول سکے۔ اور پھر وہ نوری حضوری بچہ تمام حاضرین بزم نبویؐ کی گود میں کھیلتے کھیلتے حضرت رسول اکرمؐ کی گود میں آکر آپ کی آستین میں گھس کر غائب ہو گیا۔

اگلے دن علی الصبح حضرت بشیر شاہؒ اس ٹیلے پر پہنچے۔ اور آتے ہی غضب ناک لہجے میں کہا کہ رات کو آپ کو دربار نبویؐ میں نہیں دیکھا۔ اس پر آپ نے اس کی داڑھی کے دونوں بال ان کو تھما دیئے۔ وہ ان بالوں کو دیکھ کر معذرت خواہ ہوئے۔ اور پھر وہ ایک دوسرے کے ہمراز و ہم جلیس بن گئے۔

ایک دفعہ آپ اطراف ڈیرہ غازی خان میں سفر کر رہے تھے کہ قصبہ چھری پہنچے یہ قصبہ حضرت پیر عادل غیاث الدینؒ تیغ سراں کے مقبرہ کے متصل ہے۔ اور ایک عورت کے مہمان ہوئے۔ اس کی لڑکی پنگھوڑے میں تھی۔ یک دم رونے لگی۔ اس عورت کے کہنے پر آپ نے پنگھوڑے ہلا دیا۔ چنانچہ اس لڑکی کا قلب جاری ہو گیا۔ اور بعد ازاں وہ ولیہ کاملہ بنی۔ یہ لڑکی فاطمہ قوم بلوچ مستوئی سے تھی۔ اس کا مزار قصبہ فتح خاں اور قلعہ گرٹاٹنگ کے قریب ہے۔

حضرت شیخ جنیدؒ قریشی کے فرزند شیخ کالو شاہؒ آپ کے مرید تھے۔ ایک دفعہ وہ اپنے مرشد سے ملنے شور کوٹ پہنچے۔ اور حضرت کے مکان پر تشریف لے گئے، تو ہُو کے ذکر کی آواز سُنی۔ مگر جب حجرہ دیکھا، تو وہاں کوئی بھی نہ تھا۔ حضرت شیخ کالو کئی مرتبہ حجرہ کے اندر اور باہر آئے گئے۔ مگر کوئی نظر نہ آیا۔ اسی دوران حضرت سلطان باہوؒ نے حجاب کا پردہ اٹھا دیا اور مرید کو شرف ملاقات سے سرفراز فرمایا۔ حضرت شیخ جنیدؒ قریشی اور حضرت کالو شاہؒ کے مزارات موضع سردارپور

میں مرجع خلائق ہیں۔
ایک دفعہ آپ نے ایک لکڑ ہارے کی طرف توجہ سے دیکھا، تو اسے اعلیٰ روحانی مقام پر پہنچا دیا۔ اور اللہ تعالےٰ کی مہربانی سے اسے فنا فی اللہ کا مرتبہ نصیب ہو گیا۔
اور آپ کی سب سے بڑی کرامت یہ ہے۔ کہ آپ کے خلفاء نے آپ کے زیرِ تربیت رہ کر وہ فیوض و برکات حاصل کئے کہ جس کی مثال نہیں ملتی۔ اور انہوں نے دور دراز مقامات تک آپ کی تعلیمات و ارشادات کو پہنچایا۔ اور ایک ایسی مثال سوسائٹی تشکیل کی جس کا نظریہ فقر تھا۔
اپنی تصنیفات میں حضرت سلطان العارفین رح نے ان بزرگان کرام کے حوالے قلمبند کئے ہیں۔
قرآن پاک۔ احادیث کے علاوہ حضرت سیّد عبدالقادر جیلانی رح حضرت ابو سعید ابوالخیر رح، حجۃ الاسلام حضرت امام غزالی رح، حضرت ابو سعید خرزی رح، حضرت مولانا جلال الدین رومی رح۔ حضرت شمس تبریزی رح۔ حضرت فریدالدین عطار رح۔ حضرت شیخ سعدی رح شیرازی۔ حافظ شیرازی رح۔ حضرت بہاؤالدین زکریا رح زکریا ملتانی۔ حضرت شاہ رکن عالم رح۔ حضرت نظام الدین اولیاء رح نظامی گنجوی رح۔ حضرت بایزید بسطامی رح۔ حضرت رابعہ بصری رح۔ حضرت شفیق بلخی رح۔ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رح۔ حضرت ابوبکر رح واسطی۔ حضرت سیّد جلال الدین مخدوم جہانیاں رح۔ جہاں گشت شیخ الاسلام حضرت عبداللہ انصاری رح۔ حضرت عبداللہ بن عباس رض۔ حضرت خواجہ حسن بصری رح۔ حضرت جنید بغدادی رح۔ صائب تبریزی۔ خاقانی۔ مرغوب تبریزی وغیرہما۔

ان کی تفصیل اس طرح ہے :۔

(١) ابیات سلطان باہو : اس کی اشاعت کا نہایت اعلیٰ انداز میں حضرت پروفیسر سلطان الطاف علی ایم۔ اے۔ پرنسپل گورنمنٹ کالج کوئٹہ نے کر دیا ہے۔

(۲) امیر الکونین : اس کتاب میں آپ نے اپنے متعلق کئی ایک تفصیلات سے آگاہ کیا ہے۔

(۳) اسرار قادری : اس کتاب میں اسم اللہ کے تصور کی تاثیر اور فقیر کامل کے اوصاف بیان کئے گئے ہیں۔

(۴) توفیقِ ہدایت : اس میں مرشد اور ذکر کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ہے۔

(۵) اورنگ شاہی :۔ یہ کتاب آپ نے اورنگ زیب عالمگیر کے لیے لکھی تھی۔ جن ایام میں آپ دہلی گئے ہوئے تھے۔ اس میں "حضرت اورنگ زیب عادل بادشاہ" کی تعریف و توصیف کی گئی ہے۔

(۶) جامع الاسرار : اس کتاب میں ترکِ دنیا کے متعلق نہایت تفصیل سے آگاہ کیا گیا ہے۔

(۷) تیغِ برہنہ : یہ کتاب نفس موذی کے قتل کرنے والی تلوار کی مانند ہے۔

(۸) دیوانِ فارسی : اس میں آپ کا فارسی کلام ہے۔

(۹) رسالہ روحی : یہ ایک مختصر سا رسالہ ہے۔ اس میں ارواح کے متعلق اظہارِ خیال کیا گیا ہے۔

(۱۰) عین الفقر :۔ اس میں طالبانِ خدا اور درویشانِ فنا فی اللہ کے احوال و مقامات موجود ہیں۔

(۱۱) شمس العارفین : یہ آپ کی مختلف تصنیفات کے اقتباسات کا مجموعہ ہے۔

(۱۲) عقل بیدار : اس کتاب میں عملی سلوک کے لیے نقش اور دائرے نقل کر کے ہر ایک کے اثرات و نتائج کے بارے میں تفصیل دی گئی ہے۔

(۱۳) قربِ دیدار : اس کتاب میں طالب اور مُرشد کی خصوصیات بیان کی گئی ہیں۔

(۱۴) کلید جنت : کتاب کے آٹھ باب ہیں۔ اس میں ذکر و تصور اسمِ ذات کے طریقے بیان کیے گئے ہیں۔

(۱۵) گنج الاسرار : اس رسالہ میں حضرت غوث الاعظمؒ اور ان کے طریقہ کی تعریف بیان کی گئی ہے۔

(۱۶) محبتّ الاسرار : اس کتاب میں فقر و درویشی کے متعلق اشارات و اسرار بیان کیے ہیں۔

(۱۷) مجالستہ النبیؐ : فنا فی اللہ۔ فنا فی الرسول اور فنا فی الشیخ کی تشریح میں ہے۔

(۱۸) کلمۃ التوحید (کلاں) اس میں ذکر الہٰی اور تصور اسم اللہ ذات کی مشق کا بیان درج ہے۔

(۱۹) کلمۃ التوحید (خورد) اس میں سلوک کے مختلف نکات طالبانِ حق کی رہنمائی کے لیے بیان کیے گئے ہیں :۔

(۲۰) محکم الفقرا : طالب کے لیے علم قرآن و حدیث ضروری ہے۔ اس کی تشریح ہے۔

(۲۱) مہک الفقراء (خورد) یہ رسالہ آپ کی تعلیمات کی تلخیص ہے۔ اس کا پیر غلام دستگیر نامیؒ نے اردو ترجمہ کیا تھا۔

(۲۲) مہک الفقراء :۔ (خورد) یہ رسالہ آپ کی تعلیمات کی تلخیص ہے۔ اس کا پیر غلام غلام دستگیر نامیؒ نے اردو ترجمہ کیا تھا۔

(۲۳) مفتاح العارفین : مُرشد کی خصوصیات کے بارے میں تفصیل دی گئی ہے۔

(۲۴) نور الہدیٰ (کلاں) یہ کتاب حضرت صاحب کی تعلیمات کی بعض جزئیات

کو سمجھنے کے لیے مفید ہے۔

(۲۵) نور الہدیٰ (خورد) اس میں مرشد اور مرید کے خصائص بیان کئے گئے ہیں۔

(۲۶) فضل اللقا: یہ رسالہ بادشاہ اسلام محی الدین اورنگ زیب عالمگیر کے لیے تحریر کیا گیا۔

(۲۷) طرفۃ العین:

(۲۸) کلید التوحید:

نایاب کتب میں مجموع الفضل تلمیذ الرحمٰن۔ قطب الاقطاب۔ شمس العاشقین عین السخا اور دیوان باہُو کبیر وصغیر شامل ہیں۔

اولاد

صاجزادگان میں حضرت سلطان نور محمدؒ۔ حضرت سلطان ولی محمدؒ۔ حضرت سلطان لطیف محمدؒ۔ حضرت سلطان صالح محمدؒ۔ حضرت سلطان اسحٰق محمدؒ۔ حضرت سلطان فتح محمدؒ۔ حضرت سلطان شریف احمدؒ اور حضرت سلطان حیات محمدؒ تھے۔ حضرت سلطان حیات محمدؒ بچپن میں ہی وفات پا گئے تھے۔

سرورِ دو عالم کی زیارت

سن رشد کو پہنچنے کے بعد ایک دفعہ کا واقعہ ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ خلیفہ چہارم نے آپ کو ایک دن سرکار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے دربار میں پیش کیا۔ "عین الفقر" میں لکھا ہے کہ ختمی مرتبت تاجدار مدینہ حضرت محمد الرسول ﷺ نے آپ کو بیعت سے مشرف فرمایا۔ آپ اس کا ذکر خود اس طرح فرماتے ہیں کہ دربارِ نبوی ﷺ سے مجھے وہ درجات اور مقامات بلند ملے۔ جو بیان سے باہر ہیں۔ پھر قطبِ ربّانی

شیرِ یزدانی محبوب سبحانی غوث الاعظم حضرت سید عبدالقادر جیلانیؒ کے سپرد فرمایا۔

وصال

آپ کا وصال یکم جمادی الثانی ۱۱۰۲ھ مطابق ۲ مارچ ۱۶۹۱ء بروز جمعرات عہد محی الدین اورنگ زیب عالمگیر میں ہوا۔ آپ نے ترسیٹھ سال کی عمر پائی۔ اور شور کوٹ میں دفن ہوئے۔ ایک بار مزار پر انوار کو دریا کی طغیانی کا خطرہ ہوا۔ تو اس جگہ سے جسدِ اقدس نکال کر موجودہ جگہ پر مزار بنایا گیا۔ جو آج تک زیارت گاہ خاص و عام ہے۔ خود فرماتے ہیں :۔

ؔ نام فقیر تنہاں دا باہوؒ قبر جنہاں دی جیوے ہُو

وفات کے بعد آپ کو قلعہ قہرگان کے اندر دفن کیا گیا۔ مگر جب ۱۷۶۶ء میں جھنڈا سنگھ اور گنڈا سنگھ جو بھنگی مل کے سردار تھے۔ نے شور کوٹ پر حملہ کرنے کی ٹھانی۔ اور وہاں کے لوگ ادھر اُدھر پناہ حاصل کرنے لگے۔ تو وہ آپ کی نظر کرم سے جلد واپس چلے گئے۔ پھر ۱۷۷۵ء میں جب دریائے چناب نے اپنا رُخ تبدیل کیا اور قریب تھا۔ کہ مزار پرُانوار دریا برد ہو جائے۔ تو مریدین باصفا نے آپ کے تابوت کو وہاں سے نکالا۔ اور موجودہ جگہ دفن کر دیا۔ جو کہ تھانہ گڑھ مہاراجہ سے دو میل کے فاصلے پر جانبِ جنوب مغرب واقع ہے۔ لکھا ہے کہ جب آپ کا تابوت قبر سے نکالا گیا۔ تو جسم اطہر صحیح اور سالم تھا۔ جس کو بے شمار لوگوں نے دیکھا اور حیران ہوئے۔

سِلسلہ عالیہ قادریہ سروریہ سُلطانیہ

علامہ ضیاء القادری رح

جل جلالہٗ
خدائے ذوالمنن صدقہ تیری ہر شان رحمت کا
صلی اللہ علیہ وسلم
تصدق مصطفےٰ ختم رُسُل سُلطان اُمت کا

عطا کر ملت اسلام کو فتح مبین یارب
رضی اللہ عنہ
وسیلہ مرتضیٰ مشکل کشا شاہِ ولایت کا

رضی اللہ عنہ، رضی اللہ عنہ، رضی اللہ عنہ
پئے خواجہ حسن بہر حبیب واز پئے داؤد
سبق مومن کو دے اسلام کی سچی محبت کا

رضی اللہ عنہ، رضی اللہ عنہ
پئے معروف کرخی و پئے خواجہ سری سقطی
رضی اللہ عنہ
عطا کر عشق مسلم کو جنید پاک طینت کا

رضی اللہ عنہ، رضی اللہ عنہ، رضی اللہ عنہ
پئے شبلی و عبدالواحد بہر ابو یوسف
رضی اللہ عنہ
دکھا جلوہ جمالِ ابوالحسن کی حسن صورت کا

رحمۃ اللہ علیہ
بحق بوسعید با سعادت خالق عالم
رحمۃ اللہ علیہ
ہمیں جذبہ عطا کر غوثِ اعظم کی عقیدت کا

رحمۃ اللہ علیہ، رحمۃ اللہ علیہ، رحمۃ اللہ علیہ
بحق عبدالرزاق عبدجبار و رخ یحییٰ
رحمۃ اللہ علیہ
بحق نجم الدین کر بول بالا نجم قسمت کا

رحمۃ اللہ علیہ، رحمۃ اللہ علیہ
طفیل عبدفتاح وطفیل بندہ ستار
رحمۃ اللہ علیہ
پئے عبدالبقا مژدہ ہمیں دے نور و فرحت کا

رحمۃ اللہ علیہ، رحمۃ اللہ علیہ
پئے عبدالجلیل و عبدرحمٰن خالقِ رحماں
رحمۃ اللہ علیہ
کفِ سُلطان باہو سے عطا ہو جام وحدت کا

رحمۃ اللہ علیہ سجادہ نشین ع۱
الٰہی اس ولی با محمد کے تصدق میں
رحمۃ اللہ علیہ سجادہ نشین ع۲
دکھا منظر محمد کی حسینی شکل و صورت کا

رحمۃ اللہ علیہ سجادہ نشین ع۳ رحمۃ اللہ سجادہ نشین ع۴
پئے حافظ محمد اور غلام حضرت باہو
رحمۃ اللہ علیہ سجادہ نشین ع۵
پئے صالح محمد کر فزوں اعزاز امت کا

رحمۃ اللہ علیہ، رحمۃ اللہ علیہ
رُخ سلطان حامد جلوۂ نور محمد سے
رحمۃ اللہ علیہ سجادہ نشین ع۶ رحمۃ اللہ علیہ
دکھا دے نور احمد نور سلطانِ رسالت کا

رحمۃ اللہ علیہ سجادہ نشین ع۔ رحمۃ اللہ علیہ
بحق میر سلطان و بیٹے نورِ حسن یا رب
اُجالا بزم حسن و عشق میں کر شمع وحدت کا

رحمۃ اللہ علیہ سجادہ نشین ع۔ رحمۃ اللہ علیہ
حبیب حضرت سلطانِ بطحا کو ملا حق سے
ہے تختِ معرفت سلطان باہُو کی ولایت کا

مدظلہٗ مدظلہٗ سجادہ نشین ع۔
الٰہی فیض سلطان کا ہو جاری فیض دنیا میں
بجے ڈنکا غلام شاہ جیلانی کی سطوت کا

مدظلہٗ رحمۃ اللہ علیہ
عطا عبد المجید پاک کو ہو شانِ سلطانی
تصدق حضرت سلطان باہُو کی کرامت کا

رحمۃ اللہ علیہ
رہے سلطان باہو کا شگفتہ ہر گل نورس
الٰہی واسطہ ان جملہ پیران طریقت کا

رحمۃ اللہ علیہ
مدینہ میں ضیاء کا خاتمہ بالخیر فرمانا
صلی اللہ علیہ وسلم
الٰہی واسطہ دربارِ سلطانِ رسالت کا

۱

الف اللہ چنبے دی بوٹی میرے من وچ مرشد لائی ہُو

نفی اثبات دا پانی ملیس ہر رگے ہر جائی ہُو

اندر بوٹی مشک مچایا جاں پھلاں تے آئی ہُو

جیوے مرشد کامل باہُو جیں ایہ بُوٹی لائی ہو

۲

الف اللہ پڑھیوں پڑھ حافظ ہویوں ناں گیا حجابوں پردا ہُو

پڑھ پڑھ عالم فاضل ہویوں بھی طالب ہویوں زردا ہُو

سیئے ہزار کتاباں پڑھیاں پر ظالم نفس نہ مردا ہُو

باجھ فقیراں کسے نہ ماریا باہُو ایہو چور اندر دا ہُو

۳

الف احدؔ جد دتی دکھالی از خود ہویا فانی ہُو

قرب وصال مقام نہ منزل ناں اوتھے جسم نہ جانی ہُو

نہ اوتھے عشق محبّت کائی نہ اوتھے کون مکانی ہُو

عینوں عین تھیوسے باہُو سرّ وحدت سبحانی ہُو

۴

الف اللہ صحی کیتوسے جداں چمکیا عشق اگوہاں ہُو

راتیں دیہاں دیوے تانکھیرے نت کرے اگوہاں سوہاں ہُو

اندر بھاہیں اندر بالن اندر دیوچ دھوہاں ہُو

باہُوشوہ تداں لدھیوسے جداں عشق کیتوسے سوہاں ہُو

۵

الف ایہہ دنیاں زن حیض پلیتی کتنی مَل مَل دھووں ہُو

دنیاں کارن عالم فاضل گوشے بہہ بہہ رووں ہُو

جیندے گھروچ بوہستی دنیاں اوکھے گھوکرسووں ہُو

جنہاں ترک دنیا تھیں کیتی باہُو واہندی نکل کھلووں ہُو

۶

الف اَلَست بِرَبِّکُم سُنیا دل میرے نت قالو ابلیٰ کوکیندی ہُو

حُبِ وطن دی غالب ہوئی ہک پل سون نہ دیندی ہُو

قہر پوے تینوں رہزن دنیا توں تاں حق دا راہ مریندی ہُو

عاشقاں مول قبول نہ کیتی باہُو توں نے کر کر زاریاں روندی ہُو

۷

الف ایہو نفس اساڈا بیلی جو نال اساڈے سدّھا ہُو

زاہد عالم آن نوائے جتھے ٹکڑا دیکھے تھدّھا ہُو

جو کوئی اسدی کرے سواری اس نام اللہ والدّھا ہُو

راہ فقر دا مشکل باہُو گھر ماں نہ سیرا رِدّھا ہُو

۸

الف ازل ابد نوں صحی کیتو سے دیکھ تماشے گذرے ہُو

چوداں طبق دلیندے اندر آتش لائے حجرے ہُو

جنہاں حق نہ حاصل کیتا اور دو ہیں جہانیں اجڑے ہُو

عاشق غرق ہوئے وچ وحدت باہُو دیکھ تنہاندے مجرے ہُو

۹

الف اندر ہُو تے باہر ہُو ایدم ہووے نال جلیندا ہُو

ہُو دا داغ محبت والا ہر دم پیا سڑیندا ہُو

جتھے ہُو کرے رُشنائی چھوڑ اندھیرا ویندا ہُو

میں قربان تنہاں توں باہُو جہڑا ہُو نوں صحی کریندا ہو

۱۳

الف ایہ تن میرا چشماں ہووے تے میں مرشد دیکھ نہ رجاں ہُو

لُوں لُوں دے مُڈھ لکھ لکھ چشماں ہک کھولاں ہک کجّاں ہُو

اِتنیاں ڈِٹھیاں صبر ناں آوے ہور کتے ول بھجّاں ہُو

مُرشد دا دیدار ہے باہُو میںنوں لکھ کروڑاں حجّاں ہُو

۱۴

الف اندر وِچ نماز اساڈی ہکسے جا تینوے ہُو

نال قیام رکوع سجودے کر تکرار پڑھیوے ہُو

ایہہ دل ہجر فراقوں سڑیا ایہہ دم مرے نہ جیوے ہُو

سچّا راہ محمدؐ والا باہُو جیں وِچ ربّ لبھیوے ہُو

۱۵

الف اکھیں سرخ موہیں تے زردی ہر دلوں دل آہیں ہُو

مہا مہاڑ خوشبوئی والا پہونتا وِچ کدا ہیں ہُو

عِشق مشک نہ چھپے رہندے ظاہر تھئیں اتھاہیں ہُو

نام فقیر تنہاں دا باہو جنہاں لامکانی جاہیں ہُو

۱۶

لف اندر کلمہ کل کل کردا عشق سکھایا کلماں ہُو

چوداں طبق کلمے دے اندر قرآن کتاباں علماں ہُو

کانے کپ کے قلم بناؤں لکھ نہ سکن قلماں ہُو

باہُو ایہہ کلمہ مینوں پیر پڑھایا ذرا نہ رہیاں المّاں ہُو

۱۷

لف ایہہ تن رب سچے دا حجرا وچ پا فقیرا جھاتی ہُو

ناں کر منت خواج خضر دی تیرے اندر آب حیاتی ہُو

شوق دا دیوا بال ہنیرے متاں لبھی دست کھڑاتی ہُو

مرن تھیں اگے مر رہے باہُو جنہاں دی رمز پچھاتی ہُو

۱۸

الف ایہہ تن رب سچے دا حجرا دل کھڑیا باغ بہاراں ہُو

وچے کوزے وچے مصلّے وچے سجدے دیاں تھاراں ہُو

وچے کعبہ وچے قبلہ وچے الا اللہ پکاراں ہُو

کامل مرشد ملیا باہُو اوہ آپے لیسی ساراں ہُو

۱۰

الف ادھی لعنت دنیاں تائیں تے ساری دنیاں داراں ہُو

جیں راہ صاحب دے خرچ نہ کیتی لین غضب دیاں ماراں ہُو

پیوواں کولوں پُتر کوہا دے بھٹھ دنیاں مکاراں ہُو

جنہاں ترک دنیاں دی کیتی باہُو لین باغ بہاراں ہُو

۱۱

الف ایہہ دنیاں رن حیض پلیتی ہرگز پاک نہ تھیوے ہُو

جیں فقر گھر دنیاں ہووے لعنت اس دے جیوے ہُو

حُب دنیاں دی رب تھیں موڑے ویلے فکر کچیوے ہُو

سہ طلاق دنیاں نوں دیئیے جے باہُو سچ پچھیوے ہُو

۱۲

الف ایمان سلامت ہر کوئی منگے عشق سلامت کوئی ہُو

منگن ایمان شرماون عشقوں دل نوں غیرت ہوئی ہُو

جس منزل نوں عشق پچاوے ایمان نوں خبر نہ کوئی ہُو

میرا عشق سلامت رکھیں باہُو ایماتوں دیاں دھروئی ہُو

۱۹

لف اوجھڑ جھل تے مارو بیلا جتھے جالن آئی ہُو

جس کدھی نوں ڈھاں ہمیشاں اوہ ڈھٹھی گل دھائی ہُو

نَیں جنہاں دی وہے سرا ندی اوہ سکھ نہیں سوندے راہی ہُو

ریت تے پانی جیتھے ہون اکٹھے باہُو اتھے بنی نہیں بھیڑی کائی ہُو

۲۰

لف آپ نہ طالب ہیں کہیں دے لوکاں نوں طالب کردے ہُو

چانوں کھیپاں کر دے سیپاں اللہ دے قہر توں ناہیں ڈردے ہُو

عشق مجازی تلکن بازی پیر اوّلے دھر دے ہُو

اور شرمندے ہوسن باہو اندر روز حشر دے ہُو

۲۱

الف اندر بھی ہُو باہر بھی ہُو باہُو کتھاں بھیوے ہُو

سے ریاضتاں کر کراہاں توڑے خون جگر دا پیوے ہُو

لکھ ہزار کتاباں پڑھ کے دانشمند سدیوے ہُو

نام فقیر تہنیدا باہُو قبر جہاندی جیوے ہُو

۲۲

الف اللہ چنبے دی بوٹی میرے من وِچ مرشد لاندا ہُو

جس گت اتے سوہنا راضی ہوندا اوہو گت سکھاندا ہُو

ہر دم یاد رکھے ہر ویلے سوہنا اٹھاندا بہاندا ہُو

آپ سمجھ سمجھیندا باہُو آپ آپے بن جہاندا ہُو

۲۳

ب باہُو باغ بہاراں کھڑیاں نرگس ناز شرم دا ہُو

دل وِچ کعبہ صحی کیتو سے پاکوں پاک نرم دا ہُو

طالب طلب طواف تمامی حُب حضور حرم دا ہُو

گیا حجاب تھیوسے حاجی باہُو جداں بخشیوس راہ کرم دا ہُو

۲۴

ب بغداد شہر دی کیا نشانی اُچیاں لمیاں چیراں ہُو

تن من میرا پُرزے پُرزے جیوں درزی دیاں لیراں ہُو

اینہاں لیراں دی گل کفنی پا کے رلساں سنگ فقیراں ہُو

بغداد شہر دے ٹکڑے منگساں باہُو کرساں میراں میراں ہُو

۲۵

ب بغداد شریف ونج کراہاں سودا نے کتو سے ہُو
رتی عقل دی کراہاں بھار غماں دا گھدو سے ہُو
بھار بھریرا منزل چوکھیری اوڑک وچ پہیتو سے ہُو
ذات صفات صحی کتو سے باہُو تاں جمال لدھو سے ہُو

۲۶

ب باہجھ حضوری نہیں منظوری توڑے پڑھن بانگ صلاتاں ہُو
روزے نفل نماز گزارن توڑے جاگن ساریاں راتاں ہُو
باجھوں قلب حضور نہ ہووے توڑے کڈھن سے زکاتاں ہُو
باہُو باجھ فنا رب حاصل ناہیں ناں تاثیر جماتاں ہُو

۲۷

ب بے ادباں ناں سار ادب دی گئے ادباں توں وانجے ہُو
جیہڑے تھاں مٹی دے بھانڈے کدی نہ ہوندے کانجے ہُو
جیہڑے مڈھ قدیم دے کھیڑے ہوون کدی نہ ہوندے رانجھے ہُو
جیں دل حضور نہ منگیا باہُو گئے دوہیں جہانیں وانجے ہُو

۲۸

ب بزرگی نوں گھت وہن لوڑھائیے ملیے رج مکالا ہُو

لَا اِلٰہ گل گہناں مڑھیا مذہب کی لگدا سالا ہُو

اِلّا اللہ گھر میرے آیا جین آن اٹھایا پالا ہُو

اساں بھر پیالا خضروں پیتا باہُو آب حیاتی والا ہُو

۲۹

ب بسم اللہ اسم اللہ دا ایہہ بھی گہناں بھارا ہُو

نال شفاعت سرور عالم چھٹسی عالم سارا ہُو

حدوں بیحد درود نبیؐ نوں جینیدا ایڈ پسارا ہُو

میں قربان تہناں توں باہُو جنہاں ملیا نبیؐ سوہارا ہُو

۳۰

ب بنھ چلایا طرف زمین دے عرشوں فرش ٹکایا ہُو

گھر تھیں ملیا دیس نکالا اساں لکھیا جھولی پایا ہُو

رہ نی دنیاں ناں کر جھیڑا ساڈا اگے دل گھبرایا ہُو

اسیں پردیسی ساڈا وطن دوراڈھایا باہُو دم دم غم سوایا ہُو

۳۱

ب بے تے پڑھ کے فاضل ہوئے ہک حرف نہ پڑھیا کسے ہُو
جیں پڑھیا تیں شوہ نہ لدھا جاں پڑھیا کجھ تسے ہُو
چوداں طبق کرن رشنائی انہیاں کجھ نہ دسے ہُو
باہجھ وصال اللہ دے باہُو سبھ کہانیاں قصے ہُو

۳۲

ب بوہتی میں اوگن ہاری لاج پئی گل اسدے ہُو
پڑھ پڑھ علم کریہن تکبر شیطان جیہے اوتھے مسدے ہُو
لکھاں نوں بھو دوزخ والا ہک نت بہشتوں رسدے ہُو
عاشقاں دے گل چھُری ہمیشاں باہُو اگے محبوباں دے کسدے ہُو

۳۳

پ پڑھ پڑھ علم ملوک رجھاون کیا ہویا اس پڑھیاں ہُو
ہرگز مکھن مول ناں آوے پھٹے دودھ دے کڑھیاں ہُو
آکھ چنڈورا ہتھ کے آئیو اس انگوری چنیاں ہُو
ہک دل خستہ رکھیں راضی باہُو لہیں عبادت وریہاں ہُو

۳۴

پ پڑھ پڑھ عالم کرن تکبر حافظ کرن وڈیائی ہُو

گلیاں دے وِچ پھرن نمانے وتن کتاباں چائی ہُو

جتھے ویکھن چنگا چوکھا اوتھے پڑھن کلام سوائی ہُو

دوہیں جہانیں سوئی مٹھے باہُو جنہاں کھادی ویچ کمائی ہُو

۳۵

پ پڑھ پڑھ علم مشائخ سداون کرن عبادت دوہری ہُو

اندر جھگی پئی لٹیوے تن من خبر ناں موں موری ہُو

مولا والی سدا سکھالی دل توں لاہ تکوری ہُو

باہُو ربّ تنہاں نوں حاصل جنہاں جگ ناں کیتی چوری ہُو

۳۶

پ پڑھ پڑھ علم ہزار کتاباں عالم ہوئے بھارے ہُو

اک حرف عشق دا پڑھن نہ جانن بھلے پھرن بچارے ہُو

اک نگاہ جے عشق دیکھے لکھ ہزاراں تارے ہُو

لکھ نگاہ جے عالم دیکھے کسے نہ کدی چاہڑے ہُو

عشق عقل وِچ منزل بھاری سئیاں کوہاں دے پاڑے ہُو
جنہاں عشق خرید نہ کیتا باہُو اوہ دوہیں جہانیں ماڑے ہُو

۳۷

پ پڑھیا علم تے ودھی مغروری عقل بھی گیا تلوہاں ہُو
بھلا راہ ہدایت والا نفع نہ کیتا دوہاں ہُو
سر دیتاں جے سِرّ ہتھ آوے سودا ہار نہ توہاں ہُو
وڑیں بزار محبت والے باہُو کوئی رہبر لے کے سوہاں ہُو

۳۸

پ پاک پلیت نہ ہوندے ہرگز توڑے رہندے وِچ پلیتی ہُو
وحدت دے دریا اُچھلّے ہک دل صحی نہ کیتی ہُو
ہک بتخانیں واصل ہوئے ہک پڑھ پڑھ رہن مسیتی ہُو
فاضل سٹ فضیلت بیٹھے باہُو عشق نماز جاں نیتی ہُو

۳۹

پ پیر ملیاں جے پیڑ ناں جاوے اس نوں پیر کی دھرناں ہُو
مرشد ملیاں ارشاد نہ من نوں اوہ مرشد کی کرناں ہُو

جس ہادی کولوں ہدایت ناہیں اوہ ہادی کی پھڑناں ہُو
جے سر دیتیاں حق حاصل ہووے باہُو اس موتوں کی ڈرناں ہُو

۴۰

پ پاٹا دامن ہویا پُرانا کچرک سیوے درزی ہُو
حال دا محرم کوئی نہ ملیا جو ملیا سو غرضی ہُو
باجھ مربّی کسے نہ لدّھی گجھی رمز اندر دی ہُو
اوسے راہ ول جائیے باہُو جس تھیں خلقت ڈردی ہُو

۴۱

پ پنجے محل پنجاں وچ جانن ڈیوا کت ول دھریئے ہُو
پنجے مہر پنجے پٹواری حاصل کت ول بھریئے ہُو
پنجے امام تے پنجے قبلے سجدہ کت ول کریئے ہُو
باہُو جے صاحب سر منگے ہرگز ڈھل نہ کریئے ہُو

۴۲

ت تارک دنیا تد تھیوسے جداں فقر ملیوسے خاصا ہُو
راہ فقر دا تد لدھیوسے جداں ہتھ پکڑیوسے کاسا ہُو

دریا وحدت دا نوش کیتو سے اجاں بھی جی پیاسا ہُو

راہ فقر رت ہنجوں رووں باہُو لوکاں بھانے ہاسا ہُو

۴۳

ت تہ سبھ توکل والا ہُو مردانہ تریئے ہُو

جیں دکھ تھیں سکھ حاصل ہووے اس دکھ تھیں نہ ڈریئے ہُو

اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا آیا چیت اسے دل دھریئے ہُو

اوہ بے پرواہ درگاہ ہے باہُو اوتھے رو رو حاصل بھریئے ہُو

۴۴

ت تن من یار میں شہر بنایا دل وچ خاص محلہ ہُو

آن الف دل وسوں کیتی میری ہوئی خوب تسلّہ ہُو

سب کجھ مینوں پیا سینوے جو بولے ماسوا اللہ ہُو

درد منداں ایہہ رمز پچھاتی باہُو بے درداں سر کھلّہ ہُو

۴۵

ت توڑے تنگ پرانے ہوون گھسے نہ رہنڑے تازی ہُو

مار نقارہ دل وچ وڑیا کھیڈ گیا اک بازی ہُو

مار دلاں نوں جول وتوئیں جدوں تکے نُن نیازی ہُو

انہاں نال کیہ ہویا باہُو جنہاں یار نہ رکھیا راضی ہُو

۴۵

ت تسبیح داتوں کسبی ہو یوں ماریں دم ویہاں ہُو

من دا منکا اِک نہ پھیریں گل پائیں پنج ویہاں ہُو

دین لگیاں گل گھوٹو آوے لین لگیاں جھٹ شیہاں ہُو

پتھر چیت جنہاں دے باہُو اوتھے ترا یاوساں میناں ہُو

۴۷

ت تدوں فقیر شتابی بندا جد جان عشق وِچ ہارے ہُو

عاشق شیشا تے نفس مربی جان جاناں توں وارے ہُو

خود نفسی چھڈ ہستی جھیڑے لاہ سروں سب بھارے ہُو

باہُو باہجھ مویاں نہیں حاصل تھیندا توڑے سے سے سانگ اتارے ہُو

۴۸

